بخدمت جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

درخواست بمراد تبدیل وشامل کیئے جانے پٹوار سرکل وقانونگوئی حلقہ PP281 ضلع لیہ

جناب عالی! سائل حسب ذیل عارض ہے۔

سائل موجودہ حلقہ پی پی 281 سابقہ پی پی 263 کا رہائشی وسکونتی ہے۔

1- نئی حلقہ بندیوں میں حلقہ PP281 سمرانشیب قانونگوئی دو یونین کونسل سمرانشیب اور یونین کونسل شادو خان پر مشتمل ہے ۔سمرانشیب قانونگوئی لیہ شہر کے بالکل قریب واقع ہے اور یہاں کے باسیوں کا معاشرتی اور سماجی تعلق بھی لیہ شہر حلقہ PP284 سے وابستہ ہے۔سمرانشیب کی سرحد میونسپل کمیٹی لیہ سے متصل ہے اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر کے تمام دفاتر، ہسپتال اور تھانہ سمرانشیب سے قریباً ایک کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔سمرانشیب حلقہ پی پی 281 کی بالکل ٹیل اور تحصیل لیہ میں واقع ہے۔حلقہ PP284 اور سمرانشیب آپس میں بالکل حد لائن پر واقع ہیں۔اس لیے سمرانشیب قانونگوئی کو حلقہ PP284 میں شامل کیا جانا ضروری ہے۔

2- پٹوار سرکل چک نمبر 102/TDA (قانونگوئی کروڑ تھل جنڈی) کو خلافِ ضابطہ حلقہ پی پی 280 میں شامل کیا گیا ہے۔ پٹوار سرکل 102TDA گرے والا یونین کونسل کا حصہ ہے۔گرے والا یونین کونسل کا دوسرا پٹوار سرکل چک نمبر 105/TDA پی پی 281 کا حصہ ہے۔یونین کونسل گرے والا کے دوسرے پٹوار سرکل 102/TDA کو بھی حلقہ پی پی 281 کا حصہ بنایا جائے ۔کیونکہ اس پٹوار سرکل کی حدود لائن بھی پی پی 281 سے ملتی ہے اور پوری یونین کونسل کو ایک ہی حلقہ PP281 میں شامل کیا جانا ضروری ہے۔

3- قانونگوئی حلقہ 280 کے پٹوار سرکل 129,277,282 سابقہ حلقہ پی پی 263 موجودہ 281 میں شامل تھے۔ ان کے رہائشیوں کے معاشرتی، سماجی اور روزمرہ کے معاملات کا تعلق حلقہ pp281 کے مکینوں سے وابستہ ہے اور انہیں تیرہ کر کے پر حلقہ پی پی 282 میں شامل کیا گیا ہے۔ جو کہ سراسر غلط ہے۔ اس قانونگوئی حلقہ کے پٹوار سرکل 332/TDA,282/TDA,~~280~~ 133/TDA,277/TDA,129/TDA کو پی پی 281 میں شامل کیا جانا ضروری ہے۔

4- پٹوار سرکل ودھے والی اور پٹوار سرکل مونگڑھ حلقہ پی پی 280 کا Compect بلاک ہیں اور تحصیل کروڑ لعل عیسن کے قریب ہونے کی وجہ سے یہاں کے مکینوں کے روزمرہ کے معاملات حلقہ pp280 سے وابستہ ہیں۔اسے حلقہ پی پی 281 سے پی پی 280 میں شامل کیا جائے۔

لہٰذا مہربانی فرما کر سائل کی اپیل کو منظور فرمایا جائے۔عین نوازش ہوگی

عرضے

محمد ارشد ولد غلام محمد

سکنہ چک نمبر 282/TDA تحصیل وضلع لیہ

نوٹ:۔ لیہ ضلع کے پانچوں حلقوں کی تفصیل ساتھ لف ہے۔

M. Arshad

03023777701